# 12-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی آج شام 8 بجےقوم سے خطاب کریں گے۔

۲۔ڈائرکٹر جنرل ایئر آپریشنز، ایئر مارشل اے کے بھارتی نے آج اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان کی لڑائی دہشت گردوں اوران کے سپورٹ انفراسٹرکچر کے ساتھ ہے نہ کہ پاکستانی فوج کے ساتھ۔

۳۔تلنگانہ حکومت، سرحدی علاقوں سے واپس ہونے والے شہریوں کونئی دہلی میں واقع تلنگانہ بھون کے ذریعہ مسلسل جامع مدد اورراحت فراہم کررہی ہے۔

۴۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہاہے کہ حیدرآباد اے آئی ڈاٹا سنٹرس اورمینوفیکچرنگ شعبہ میں ایک بڑامرکز بن گیاہے۔

## DEFENCE BRIEFING

ڈائریکٹر جنرل ایئر آپریشنز، ایئر مارشل اے کے بھارتی نے آج اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان کی لڑائی دہشت گردوں اور ان کے سپورٹ انفراسٹرکچر کے ساتھ ہے نہ کہ پاکستانی فوج کے ساتھ۔انہوں نے کہا کہ یہ افسوس کی بات ہے کہ پاکستانی فوج نے دہشت گردوں کے خلاف مداخلت اوران کا انتخاب کیا جس نے ہندوستانی مسلح افواج کو منہ توڑ جواب دینے پر مجبور کیا۔آپریشن سندھ کے بارے میں دہلی میں میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے ایئر مارشل بھارتی نے اس بارے میں تفصیلات بتائیں کہ کس طرح ہندوستانی افواج نے آپریشن سندھ کے دوران ملک کے سول اور ملٹری انفراسٹرکچر کو کم سے کم نقصان پہنچایا۔انہوں نے ہندوستانی مسلح افواج کی طرف سے لگائے گئے تہہ دار اور مربوط فضائی دفاعی نظام کے بارے میں بات کی، جس میں ہندوستانی فوج اور ہندوستانی بحریہ کے اثاثے، آئی اے ایف کے فضائی دفاعی اثاثوں کے علاوہ شامل ہیں۔ڈی جی اے او نے کہا کہ یہ مضبوط ایئر ڈیفنس، اے ڈی سسٹم کثیر پرت والے اے ڈی سینسرز اور ہتھیاروں کے نظام پر مشتمل ہے۔

BYTE AK BHARTI

فضائی دفاعی نظام نے دشمن کے ڈرونز، لڑاکا طیاروں اور میزائلوں کو کس طرح ناکام بنایا جس کے نتیجے میں ہندوستانی جانب سے کم سے کم نقصانات کا جائزہ لیتے ہوئے، ڈائریکٹر جنرل ملٹری آپریشنز، لیفٹیننٹ جنرل راجیو گھئی نے کہا کہ وہ پہلے سے اچھی طرح تیار تھے۔انہوں نے کہا کہ جب بھی پاکستانی فضائیہ نے 9 اور 10 مئی کی درمیانی شب بھارتی ایئر فیلڈز اور لاجسٹک تنصیبات کونشانہ بنانے کی کوشش کی، انہیں کثیر الجہتی انسداد ڈرون اور ایئر ڈیفنس گرڈ کے ذریعے روکا گیا۔

BYTE RAJIV GHAI

## TELANGANA BHAVAN

تلنگانہ حکومت، سرحدی علاقوں سے واپس ہونے والے شہریوں کو نئی دہلی میں واقع تلنگانہ بھون کے ذریعہ مسلسل جامع مدد اور راحت فراہم کررہی ہے۔ اب تک تلنگانہ بھون میں 162 افراد پہنچ چکے ہیں، جن میں جموں وکشمیر کے مختلف اداروں سے تعلق رکھنے والے 56 اور پنجاب سے تعلق رکھنے والے 106 افراد شامل ہیں۔ اِن کے منجملہ 130 افراد کو ضروری مدد فراہم کرنے کے بعد پہلے ہی ان کے آبائی مقامات پر روانہ کیا جاچکا ہے۔ ماباقی افراد کو تلنگانہ بھون میں پناہ دی گئی ہے جو جلد ہی اپنے اپنے مقامات لوٹ جائیں گے۔ ریزیڈنٹ کمشنر ڈاکٹر گوروَاوپل نے آج شخصی طور پر انتظامات کا جائزہ لیا اور طلبہ سے بات چیت کی۔ انہوں نے تلنگانہ حکومت کی جانب سے مکمل تعاون کا یقین دلایا اور طلبہ کو مشورہ دیا کہ جب تک ضرورت ہو وہ تلنگانہ بھون میں قیام کرسکتے ہیں۔

## AVITHA

بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا نے تلنگانہ حکومت پر، تلنگانہ انڈسٹریل انفرااسٹرکچر کارپوریشن (ٹی جی آئی آئی سی) کو عوامی کمپنی میں تبدیل کرنے کی منصوبہ بندی کا الزام عائد کیا ہے۔ حیدرآباد میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے کویتا نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ کانگریس حکومت نے ٹی جی آئی آئی سی کی ملکیت والی 1.75 لاکھ ایکرز مین کو دیگر مقاصد کیلئے استعمال کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ انہوں نے حکومت کا ایک حکم نامہ بتاتے ہوئے الزام عائد کیا کہ ریاستی حکومت تلنگانہ کی زمینات کو غلط استعمال کررہی ہے تاکہ بڑے قرض حاصل کئے جاسکیں۔ انہوں نے مذکورہ جی او سے فوری دستبرداری اختیار کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے یاددلایا کہ حکومت نے صرف 16 مہینوں میں 1.8 لاکھ کروڑ روپے حاصل کرلئے جبکہ اس دوران کوئی بڑی فلاحی اسکیم کو پوری طرح نافذ نہیں کیا گیا۔

## KOHLI

ہندوستانی کرکٹ لیجنڈ و بیٹنگ سوپر اسٹار ویراٹ کوہلی نے ٹسٹ کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے۔ ان کا لال گیند کا کیریئر زائد از ایک دہائی پر مبنی رہا ہے۔ کوہلی نے اپنے ٹیسٹ کیریئر کی شروعات سال 2011ء میں کی تھی۔ انہوں نے اپنے کیریئر کے دوران 123 ٹسٹ میاچس کھیلے اور 9,230 رن بنائے، جن میں 30 سنچریاں اور 31 ہاف سنچریاں شامل ہیں۔ اپنے جارحانہ بیٹنگ اسٹائیل اور زبردست جوش وجذبہ کے لئے مشہور ویراٹ کوہلی نے بیرونی سرزمین پر ہندوستان کی تاریخی فتوحات میں قیادت بھی کی۔ وہ 2014ء سے 2022ء کے دوران کیپٹن رہے۔ کوہلی پہلے ہی ٹی 20 فارمٹ سے بھی سبکدوش ہوچکے ہیں۔ اب وہ صرف ون ڈے انٹرنیشنل ہی کھیلتے رہیں گے۔

## TIMS

حیدرآباد میں واقع صنعت نگر علاقہ میں تلنگانہ انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسس ٹمس کا توقع ہے کہ 2 جون کوافتتاح کیا جائے گا۔ٹمس کی تعمیر میں تاخیر ہوئی ہے جس کا افتتاح گزشتہ سال ہی ہوجانا چاہئے تھا۔ محکمہ عمارات وشوارع کی جانب سے اِس کی تعمیر مکمل کرنے کیلئے پوری کوشش کی جارہی ہے۔ بی آر ایس حکومت نے ورنگل، الوال، ایل بی نگراور صنعت نگر میں ٹمس ہاسپٹلس کی تعمیر شروع کی تھی۔صنعت نگر کا ہاسپٹل 153 ایکر پرتعمیر کیا جارہا ہے، جس کے لئے 882 کروڑ روپے خرچ کئے جارہے ہیں۔ عمارات وشوارع کے وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے یقین دلایا ہے کہ ایل بی نگراور الوال میں ٹمس ہاسپٹلس اس سال دسمبر تک تعمیر ہوجائیں گی۔

## GOVERNOR

تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے آج راج بھون میں راج بھون اسکول کے ایس ایس سی ٹاپرس اور ٹیچرس سے ملاقات کی۔ اس سال اس اسکول کا دسویں جماعت کا نتیجہ 97 فیصد رہا ہے۔گورنر نے اس موقع پر کُم، حُسینی کوتہنیت پیش کی جنہوں نے ضلع میں 574 نشانات کے ساتھ ٹاپ رینک حاصل کیا۔ان کے علاوہ دیگر 21 طلبہ نے بھی 500 سے زیادہ نمبرات حاصل کئے ہیں۔اس موقع پر پرنسپال سکریٹری برائے گورنر تانا کشور آئی اے ایس کے علاوہ اسکول کا ارکانِ عملہ اور راج بھون کے عہدیدار بھی موجود تھے۔

## REGISTRATION

جائیدادوں کے رجسٹریشن کے حصہ کے طور پر تلنگانہ حکومت نے سلاٹ بکنگ سسٹم کو مزید 25 سب رجسٹرار آفس تک توسیع دی ہے۔ اِس کا مقصد اس طریقہ کار میں مزید تیزی لانا ہے۔ ریونیو، ہاؤزنگ، انفارمیشن اور تعلقات عامہ کے وزیر سرینواس ریڈی نے کہا کہ سلاٹ بکنگ سسٹم پہلے سے ہی 22 دفاتر میں 10 اپریل سے جاری ہے۔

## REVIEW

ایمرجنسی کی صورتحال میں نظام صحت کیلئے تیاری کرنے کے مقصد سے آج سکریٹریٹ میں ایک جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ سکریٹری برائے حکومت، ایچ ایم اور ایف ڈبلیو ڈپارٹمنٹ ڈاکٹر کرسٹنا نے اس میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران دواخانوں میں دعوؤں، خون اور دیگر اشیاء کی دستیابی کی تیاری کے تعلق سے جائزہ لیا گیا۔

## PM - ADDRESS

وزیراعظم نریندر مودی آج شام 8 بجے قوم سے خطاب کریں گے۔ آپریشن سندور کے بعد وزیراعظم کا یہ پہلا خطاب ہوگا۔ اس سے پہلے آج دوپہر میں مودی نے نئی دہلی میں واقع اپنی قیام گاہ پر ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ اِس میٹنگ میں خارجی امور کے مرکزی وزیر جے شنکر، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، قومی سلامتی مشیر اجیت دووَل، چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انیل چوہان کے علاوہ تینوں مسلح فورسس کے سربراہوں اور مختلف سینئر عہدیداروں نے شرکت کی۔

## BHATTI

تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ نے ریسورس موبائلائزیشن کے موضوع پر سکریٹریٹ میں سب کابینی کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی۔ وزراء اتم کمار ریڈی، سریدھر بابو اور کرشنا راؤ نے بھی اِس میٹنگ میں شرکت کی۔ وکرامارکہ نے کہا کہ گزشتہ سال کے مقابلہ میں محکمہ کمرشیل ٹیکس نے مجموعی طور پر 6 فیصد ترقی حاصل کی ہے جو ایک مثبت پیشرفت ہے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ آمدنی میں اضافہ کیلئے اقدامات کریں۔ اس کے علاوہ انہوں نے یہ ہدایت بھی دی کہ نئے تعارف کردہ آٹومیٹک نمبر پلیٹ ری کگ نائزیشن سسٹم (اے این پی آر) کو مختلف محکموں میں بڑے پیمانے پر نافذ کیا جائے۔

## CM

ریاستی وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد میں سوناٹا سافٹ ویر کیمپس کا افتتاح کیا۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حیدرآباد، اے آئی ڈیٹا سنٹرس اور مینوفیکچرنگ شعبہ میں ایک بڑا مرکز بن گیا ہے۔ سی ایم نے اعلان کیا کہ تین لاکھ کروڑ روپے پر مشتمل نئی سرمایہ کاری سے ایک لاکھ سے زائد ملازمتوں کے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ریاست میں عالمی سطح کے مزید بڑے پروگرام کی میزبانی کا منصوبہ رکھتی ہے۔ اِس موقع پر قانون ساز کونسل کے صدرنشین سکھیندر ریڈی، وزیر سریدھر بابو اور دوسرے بھی موجود تھے۔

## RESUME

ہندوستان اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی کے بعد ملک بھر میں 32 ایرپورٹس کو فوری اثر کے ساتھ کھول دیا گیا ہے۔ اِس سے پہلے اِن ایرپورٹس کو اِس ماہ کی 15 تاریخ تک بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ ایرپورٹس اتھارٹی آف انڈیا نے ایک بیان میں مسافرین کو مشورہ دیا تھا کہ ایرلائنس کمپنیوں کے ساتھ پروازوں کے موقف کی جانچ کرتے رہیں اور ایرلائنس کمپنیوں کی ویب سائٹس پر مسلسل اَپ ڈیٹ پر نظر رکھیں۔

WEATHER

تلنگانہ میں آئندہ 5 دن کے دوران مختلف مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بجلیاں چمکنے اور 30 تا 60 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے کہا ہے کہ اعظم ترین درجہ حرارت کھمم میں 41.4 ڈگری سلسیس درج کیا گیا جبکہ آج شام مختلف اضلاع بشمول حیدرآباد میں بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کی جانب سے یہ بھی کہا گیا کہ آئندہ چار دن کے دوران درجہ حرارت میں تین ڈگری تک کمی واقع ہوسکتی ہے۔